کا تذکرہ ہے جو دیگر زبانوں (عربی، انگریزی وغیرہ) میں شائع ہوئیں ہیں، جبکہ آخری فہرست ان مآخذ و مراجع پر مشتمل ہے جس میں اس ضخیم کتاب کی تالیف و ترتیب میں استفادہ کیا گیا ہے۔ تین ضخیم جلدوں پر مشتمل یہ کتاب عمدہ کاغذ اور اپنی ظاہری و باطنی آرائش و زیبائش کی وجہ انتہائی جاذب نظر ہے اللہ تعالیٰ کتاب کے مصنف مولانا سید شاہد صاحب اور کتاب کے مترجم جناب ظہیر الہدیٰ قاسمی صاحب کو اجز جزیل عطا فرمائے اور اس کتاب کو قبولیت عطا فرمائے۔

نام کتاب: محمد ﷺ قرآن کے آئینہ میں (مقام مصطفیٰ ﷺ) تالیف: حافظ محمد بدر عالم صاحب

ضخامت: ۳۱۰ صفحات - قیمت درج نہیں۔ ناشر: مکتبہ حمادیہ عقب جنرل بس سٹینڈ اٹک شہر

باعث تخلیق کائنات فخر موجودات سید الاولین والاخرین خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مطہرہ پر قدیما وحدیثاً بلا شبہ دنیا کی تمام مشہور زبانوں میں ہزاروں کتابیں معرض وجود میں آئیں۔ اور یہ ایسا کیف آور روح پرور وجد آفرین اور دلربا موضوع ہے کہ اس پر جتنا بھی لکھا جائے کم ہوگا، بحمد للہ سیرت نگاروں نے رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ آپ کے شمائل وخصائل کا کوئی بھی گوشہ تشنہ نہیں چھوڑا ہے اور ہر پہلو سے آپ کی سیرت طیبہ پر کتابیں لکھیں اور یہ سلسلہ تا قیامت اسی طرح جاری وساری رہے گا۔ اگرچہ آپ کی سیرت مبارکہ کا احاطہ کرنا انسان کی بس کی بات نہیں۔ اسی وجہ سے مولانا جامی صاحبؒ فرماتے ہیں: لا یمکن الثنآ کما حقہ 'بعد از خدا بزرگ کوئی قصہ مختصر

یا بقول مرزا غالب: غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتیم کاں ذات پاک مرتبہ دان محمدؐ است

زیر تبصرہ کتاب محمد ﷺ قرآن کے آئینہ میں بھی اسی سلسلۃ الذہب کی ایک زرین کڑی ہے، جس میں سراپائے اقدس کا احاطہ قرآن کے آئینہ میں کیا گیا ہے۔ مؤلف کتاب مولانا بدر عالم نے انتہائی عرقریزی اور محنت سے یہ روح پرور کتاب ترتیب دی اور تفاسیر کے ہزاروں صفحات کھنگال کر امت مسلمہ کے لئے ایک عظیم سوغات کا اہتمام کیا ہے، زبان وبیان کی چاشنی اور فصاحت وبلاغت سے مملو یہ کتاب ایک ایسا گوہر نایاب اور درّ یتیم ہے جس کا ہر سطر ایمان کو طروات اور بالیدگی بخشتا ہے، سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر جو محققانہ کتابیں آئی ہیں ان کتابوں میں یہ کتاب ایک بہترین اضافہ ہے، اللہ تعالیٰ مؤلف کو جزائے خیر دے، جنہوں نے ایسی محققانہ کتاب لکھ کر ایک عظیم کارنامہ سرانجام دیا اور بعض اہل بدع نے حضور ﷺ کی ذات کے بارے میں جس بے جا غلو سے کام لیا ہے، اور انہوں نے اپنے باطل نظریات پر جو دلائل قرآن کریم سے پیش کئے ہیں ان کا بھی باحوالہ دندان شکن اور مسکت جواب دیا ہے، معنوی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ظاہری اور صوری لحاظ سے بھی کتاب انتہائی دیدہ زیب ہے، بہترین اعلیٰ کاغذ دلکش کمپوزنگ اور مضبوط جلد بندی نے کتاب کی جاذبیت میں مزید اضافہ کیا ہے، اس کتاب کا مطالعہ ہر مسلمان کیلئے باعث تسکین روح ہے اور حق بات تو یہ ہے کہ کتاب ایک ہی نشست میں پڑھنے کا متقاضی ہے۔ علم دوست طبقہ کے ساتھ عام اردو دان حضرات بھی اس سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔